کتب خانہ ... دہلی

روحِ اخبار

—— گذشتہ جنگ عظیم (۱۹۱۴ء) میں مختلف صوبوں کی مجموعی بھرتیوں کا نقشہ حسب ذیل تھا۔

صوبہ	آبادی	فوجی بھرتی
سرحد (ایجنسی سمیت)	تیس لاکھ	۳۲ ہزار
پنجاب (ریاستوں سمیت)	دو کروڑ چالیس لاکھ	تین لاکھ اسی ہزار
صوبجات متحدہ	چار کروڑ ساٹھ لاکھ	ایک لاکھ بیالیس ہزار
بمبئی	دو کروڑ ستر لاکھ	۳۵ ہزار
بنگال	چار کروڑ اسی لاکھ	۶ ہزار
بہار و اڑیسہ	تین کروڑ اسی لاکھ	۸ ہزار
مدراس	چار کروڑ اسی لاکھ	۴۶ ہزار
صوبجات متوسط	ایک کروڑ ساٹھ لاکھ	۵ ہزار

(انقلاب ۳ جنوری)

—— یکم دسمبر ۱۹۴۰ء سے لفافہ کی قیمت پانچ پیسے ہوگئی۔ (تیج)

—— ۴ دسمبر۔ ضلع سیالکوٹ کے باشندوں نے ہز ایکسیلنسی گورنر پنجاب کے ذریعہ دو جنگی طیاروں کی فوری خرید کیلئے ایک لاکھ چالیس ہزار روپیہ برطانیہ کو بھیجا ہے۔ یہ جنگی طیارے سیالکوٹ اول اور سیالکوٹ دوم کے نام سے موسوم کئے جائیں گے (انقلاب)

—— ۷ دسمبر۔ آج صبح دہلی اور اس کے آس پاس کے علاقوں پر ہوائی جہازوں نے اشتہارات پھینکے۔ ان اشتہارات کے ذریعہ والسرائے ہند کی صاحبزادی نے اہل دہلی سے ہوائی جہاز خریدنے کے لئے چندہ دینے کی اپیل کی ہے ابتک ۷ ہزار روپیہ جمع ہوچکا ہے (تیج ۹ دسمبر)

—— کہا جاتا ہے کہ لندن میں اسوقت ۷۵ ہزار اندھے جو جنگ سے قبل قوم کیلئے بار گراں ثابت ہو رہے تھے ہتھیار بنانیوالی فیکٹریوں اور دیگر کارخانوں میں کام کررہے ہیں (تیج و یکی)

—— اس سال گنے کی پیداوار صرف یوپی اور بہار میں وزن میں گذشتہ سال سے تقریباً دس کروڑ من زائد ہوگی (مدینہ)

—— یہ طے کردیا گیا ہے کہ اس سال شوگر فیکٹریاں ۹۷ دن سے زیادہ نہ چلیں اور ۲ ۷ لاکھ ٹن سے زیادہ شکر تیار نہ کی جائے۔ (مدینہ)

جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔